# سرینگر ٹائمز

10 مارچ 2026، بروز منگلوار

## محکمہ بجلی کے لائن مین یا لائف لائن

کئی برس گذر گئے کہ جب سرینگر کے کھلے بازار میں کھڑے ایک الیکٹرک پول کے اوپر ایک نوجوان کو تاروں میں الجھتے اور لٹکتے ہوئے پایا گیا۔منظر انتہائی خوفناک اور لرزہ خیز تھا۔راگیر ہکا بکا رہ گئے اور آنے جانے والوں کی نگاہ جب اس پر پڑتی تو اپنا کلیجہ باہر ہوتے ہوئے محسوس کرتے۔کہانی یہ ہے کہ وہ شخص مردہ حالت میں پڑا تھا اور اسے اُتارنے والا کوئی سرکاری اہلکار تک جائے واردات پر موجود نہیں تھا۔بتایا گیا کہ یہ شخص تاروں کو درست کررہا تھا کہ اس دوران برقی رو آن ہوگئی اور وہ زبردست اور شدید جھٹکوں کو برداشت نہ کرتے ہوئے موقعہ پر ہی دم توڑ گیا۔اور نیچے گر جانے کے بجائے موٹی موٹی ہائی ٹینشن تاروں میں پھنس کے رہ گیا۔شخص مذکور محکمہ بجلی کا ڈیلی ویجر بتایا گیا۔اس کے بعد کیا ہوا اس کا کسی کو کوئی علم نہیں لیکن عوامی سطح پر اور کچھ دفتری سطح پر اس واردات پر صرف اظہار افسوس کے بیانات سننے یا پڑھنے کو مل گئے۔

اس طرح کے واقعات کی کہانی لمبی ہے۔

آئے روز اس طرح کی وارداتوں سے اب عام لوگ مانوس بھی ہوگئے ہیں۔محکمہ بجلی میں لائن مین ڈیلی ویجروں کے ذریعہ ہنگامی حالات میں ناقص تاروں کو ٹھیک کرنے اور اُلجھی ہوئی تاروں کو درست کرنے کیلئے احکامات صادر کئے جاتے ہیں۔یہ نوجوان اپنے فرائض کی انجام دہی میں کوئی دقیقہ فروگذاشت بھی نہیں کرتے ہیں۔اپنے آفیسروں اور انچارجوں کے احکامات کو عمل میں لانے کیلئے خطرات کا سامنا کرنے سے گریز بھی نہیں کرتے۔اس معاملہ میں یہ بات افسوس ناک اور حیران کن ہے کہ ڈیوٹی کے دوران پاور کو آن کیوں کیا جاتا ہے۔کام مکمل ہونے کے بعد ہی بجلی کی سپلائی کو بحال کیوں نہیں کیا جاتا۔تال میل کیوں نہں ہوتا اگر غیر ذمہ داری کے نتیجہ میں کسی غریب گھرانے کے بے کس ڈیلی ویجر کی جان چلی جائے تو کیا اس کے لئے کسی کو قصور وار ٹھہرایا نہیں جاسکتا۔کیا اس معاملہ کو عدالت میں پیش نہیں کیا جاسکتا۔لیکن سچائی یہ ہے کہ کچھ گھنٹوں تک اظہار افسوس کے بعد یہ معاملات پس پشت ڈالے جاتے ہیں۔مرنیوالوں کے لواحقین کو معاوضہ تک نہیں مل جاتا ہے کیونکہ مرنے والے عارضی ہونے کے نتیجہ میں وہ مراعات سے محروم ہوتے ہیں۔

عوامی سطح پر شدید ردعمل اور صحافتی حلقوں میں ان پر شدید احتجاج کے بعد وقت کے حکمرانوں نے تحقیقات کرانے اور معاوضہ دینے کے وعدے تو کئے مگر عملی جامہ پہنانے سے گریز کرتے رہے۔

اب تازہ ترین کاروائی کے تحت موجودہ جموں وکشمیر سرکار نے ان ملازمین کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ان کے ساتھ انصاف کرنے کی ٹھان لینے کا دعویٰ کیا۔ان ملازمین کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے انہیں اپنی ڈیوٹی کے دوران ہر طرح کی سہولیات سے لیس کرنے کے اقدامات کا اعلان کیا گیا۔وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پچھلے دنوں ان ملازمین کی ایک تقریب پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لائن مین محکمہ بجلی کے اہم کردار ہوتے ہیں۔ان کی محنت اور فرض شناسی کے نتیجہ میں پاور کی سپلائی میں رکاوٹیں دور ہوتی ہیں اور عوام کو راحت ملتی ہے۔اس صورت حال میں اس قسم کے لائن مینوں کو ہر ممکن مدد کرنے، سہولیات بہم پہنچانے اور مراعات دینے کی ضرورت ہے۔

وزیر اعلیٰ کے ان ریمارکس اور یقین دہانیوں پر متاثرین نے اطمینان کا اظہار کیا مگر انتظار ابھی باقی ہے۔

# کشمیری وازہ وان کی اہم اور لازمی شے موال

## عالمی منڈی تک اس کی خوشبو کے پھیلنے کے امکانات

کشمیر میں جہاں ایک طرف زرعی شعبہ کم منافع، موسمی مشکلات اور نوجوانوں کی کم ہوتی دلچسپی کے باعث چیلنجز سے دوچار ہے، وہیں شمالی کشمیر کے خوبصورت پہاڑی علاقے تنگمرگ سے تعلق رکھنے والے ایک کسان نے اپنی محنت اور جدید سوچ سے اس تصور کو بدلنے کی مثال قائم کی ہے۔تنگمرگ کے رہائشی شبیر احمد کھانڈے نے کاکسکب (موال) کی کاشت کو نہ صرف منافع بخش کاروبار میں تبدیل کیا بلکہ اسے عالمی منڈیوں تک پہنچا کر مقامی زراعت کیلئے نئی امید پیدا کی ہے۔یو این ایس کے مطابق شبیر احمد کھانڈے نے سال 2019 میں محدود وسائل کے ساتھ موال کی آزمائشی کاشت شروع کی تھی۔ابتدا میں انہوں نے صرف ایک کنال اراضی پر اس منفرد پودے کو اگایا لیکن محنت، سائنسی رہنمائی اور بہتر مارکیٹنگ کے ذریعے آج وہ اس فصل کو بڑے پیمانے پر اگا رہے ہیں اور اس کے خشک پھول امریکہ اور دبئی جیسے بین الاقوامی بازاروں تک برآمد کررہے ہیں۔حال ہی میں انہوں نے تقریباً 300 کلوگرام موال کے خشک پھول امریکہ روانہ کر کے ایک اہم سنگ میل حاصل کیا ہے، جسے کشمیر کی زرعی برآمدات کیلئے ایک مثبت پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔کاکسکب یا موال کشمیر کی ثقافت اور روایتی کھانوں میں ایک خاص مقام رکھتا ہے۔یہ پھول اپنی شوخ جامنی اور سرخی مائل رنگت کے باعث پہچانا جاتا ہے اور صدیوں سے کشمیری روایتی دعوت ”وازوان“ میں قدرتی رنگ اور خوشبو کیلئے استعمال کیا جاتا رہا ہے۔اس کے پھول نہ صرف قدرتی رنگ کے طور پر استعمال ہوتے ہیں بلکہ اسے جڑی بوٹیوں کی روایتی ادویات میں بھی اہم سمجھا جاتا ہے۔کشمیر کے دیہی علاقوں میں اسے کئی گھریلو نسخوں میں استعمال کیا جاتا رہا ہے۔شبیر احمد کھانڈے کے مطابق موال کی کاشت کے لیے زمین کی تیاری مارچ کے مہینے میں کی جاتی ہے۔اس دوران بیج بوئے جاتے ہیں اور مناسب دیکھ بھال کے بعد جون کے مہینے میں پودوں پر پھول پوری طرح کھل جاتے ہیں۔پھولوں کی کٹائی نہایت احتیاط کے ساتھ کی جاتی ہے تاکہ ان کا معیار برقرار رہے۔کٹائی کے بعد پھولوں کو براہ راست دھوپ سے بچا کر سایہ دار جگہوں پر خشک کیا جاتا ہے تاکہ ان کی قدرتی رنگت اور خوشبو برقرار رہے، کیونکہ عالمی منڈیوں میں معیار ہی سب سے اہم عنصر سمجھا جاتا ہے۔ان کا کہنا ہے کہ اس فصل کی کامیابی کا راز معیار اور صبر میں پوشیدہ ہے۔اگر کسان جدید طریقہ کاشت، نامیاتی کھاد اور بہتر پیکنگ کے طریقے اپنائیں تو کشمیر کی کئی روایتی فصلیں عالمی سطح پر بڑی منڈی حاصل کرسکتی ہیں۔شبیر احمد کھانڈے نہ صرف خود موال کی کاشت کررہے ہیں بلکہ انہوں نے مقامی کسانوں کو بھی اس طرف راغب کرنا شروع کیا ہے۔وہ علاقے کے کئی کسانوں سے موال کے پھول خریدتے ہیں تاکہ ایک اشتراکی ماڈل کے تحت زیادہ سے زیادہ لوگ اس منافع بخش فصل سے فائدہ اٹھا سکیں۔اس طریقہ کار سے نہ صرف کسانوں کی آمدنی میں اضافہ ہو رہا ہے بلکہ دیہی معیشت کو بھی تقویت مل رہی ہے۔یو این ایس کے مطابق ماہرین کے مطابق کشمیر میں زراعت روایتی طور پر معیشت کی ریڑھ کی ہڈی رہی ہے، تاہم گزشتہ برسوں میں نوجوان نسل کا رجحان زرعی پیشوں سے کم ہوتا جارہا ہے۔ایسے میں شبیر احمد کھنڈے جیسے کسانوں کی کامیابیاں اس بات کی مثال ہیں کہ اگر زراعت کو جدید ٹیکنالوجی، بہتر مارکیٹنگ اور برآمدی مواقع کے ساتھ جوڑا جائے تو یہ شعبہ دوبارہ نوجوانوں کیلئے پرکشش بن سکتا ہے۔شبیر احمد کھانڈے اس منفرد فصل کو عالمی سطح پر مزید متعارف کرانے کیلئے جیو ٹیگنگ اور برانڈنگ کے حصول پر بھی کام کررہے ہیں تاکہ کشمیر کے موال کو ایک پریمیم نامیاتی پروڈکٹ کے طور پر عالمی منڈی میں شناخت مل سکے۔ان کا کہنا ہے کہ اگر حکومتی سطح پر مناسب رہنمائی، کولڈ اسٹوریج سہولیات اور برآمدی رابطے فراہم کیے جائیں تو کشمیر کی کئی مقامی فصلیں عالمی سطح پر نمایاں مقام حاصل کرسکتی ہیں۔کاشتکاروں کا ماننا ہے کہ کشمیر کی زرخیز زمین، معتدل آب وہوا اور قدرتی ماحول ایسی نایاب فصلوں کیلئے نہایت موزوں ہیں۔یہی وجہ ہے کہ اگر مقامی کسان روایتی فصلوں کے ساتھ ساتھ نئی منافع بخش فصلوں کی طرف بھی توجہ دیں تو دیہی معیشت کو نئی سمت مل سکتی ہے۔شبیر احمد کھانڈے کی کامیابی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ روایت اور جدت کا امتزاج زراعت میں نئی راہیں کھول سکتا ہے۔ان کی کہانی نوجوان نسل کیلئے ایک مضبوط پیغام رکھتی ہے کہ اگر عزم، محنت اور جدید سوچ کے ساتھ کھیتی باڑی کو اپنایا جائے تو یہی کھیت اور کھلیان روشن مستقبل کی بنیاد بن سکتے ہیں۔ (یو این ایس)



# وادی کے لیل ونہار

## کشمیر میں ”کالی برف“ یا زہریلی بارش کا کوئی خطرہ نہیں/ ماہرین موسمیات



مشرق وسطی میں جاری کشیدگی کی وجہ سے کشمیر میں "کالی برف" یا زہریلی تیزابی بارش کے امکان کے بارے میں سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے دعوے گمراہ کن ہیں، ماہرین کا کہنا ہے کہ موجودہ حالات میں اس طرح کے واقعے کے امکانات انتہائی کم ہیں۔موسمی تجزیہ کاروں کے مطابق، مشرق وسطی کی موجودہ صورتحال میں تیل کے بنیادی ڈھانچے کی بڑے پیمانے پر تباہی شامل نہیں ہے، جیسے کہ تیل کے کنوؤں یا ریفائنریوں کا طویل عرصے تک جلنا، جو کہ کاجل، سلفر ڈائی آکسائیڈ اور دیگر آلودگیوں کی بڑی مقدار کو چھوڑنے کے لیے ضروری ہوگا جو طویل فاصلے تک سفر کرنے اور بارش کو متاثر کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔تاریخی مثالیں ظاہر کرتی ہیں کہ خلیجی جنگ کے دوران تیل کے سیکڑوں کنوؤں کے جلانے جیسے واقعات نے بہت زیادہ دھواں اور آلودگی پیدا کی جو خطوں میں سفر کرتے تھے۔تاہم، ماہرین نوٹ کرتے ہیں کہ موجودہ تنازعہ کے دوران کوئی موازنہ منظر نامہ رپورٹ نہیں ہوا ہے۔

اب تک رپورٹ ہونے والے زیادہ تر واقعات میں مقامی طور پر فوجی حملے یا مختصر دورانیے کی آگ شامل ہے جنہیں گھنٹوں میں قابو کرلیا گیا۔اس طرح کے اخراج عام طور پر فضا میں نمایاں طور پر منتشر اور کمزور ہوتے ہیں اور موسم کے نمونوں کو متاثر کرنے کے لیے کافی مضبوط ارتکاز میں ہزاروں کلومیٹر کا سفر کرنے کا امکان نہیں ہے۔کشمیر مشرق وسطی کے بڑے تنازعات والے علاقوں سے تقریباً 1,800 سے 4,000 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔نسبتاً چھوٹی آگ سے نکلنے والا دھواں یا ایروسول اس طرح کے فاصلے طے کرنے تک، وہ عام طور پر صاف ہوا کے ساتھ مل جاتے ہیں اور اپنی زیادہ تر شدت کھو دیتے ہیں۔ماہرین کا کہنا ہے کہ کالی برف یا کیمیائی طور پر اہم تیزابی بارش جیسے مظاہر کے پیش آنے کے لیے، ذرات اور گندھک کے مرکبات کے انتہائی بڑے اور مستقل اخراج کے ساتھ ساتھ مخصوص ماحولیاتی گردش کے نمونوں کے ساتھ ان آلودگیوں کو ہمالیہ کے خطے کی طرف لے جانے کے قابل ہونا چاہیے۔ان کا کہنا ہے کہ موجودہ حالات میں مشرق وسطی کے جاری تنازعات کی وجہ سے کشمیر میں کالی برف یا زہریلی بارش کا امکان بہت کم ہے۔یہ وضاحت آن لائن بڑھتی ہوئی تشویش کے درمیان سامنے آئی ہے، جہاں کئی پوسٹس میں یہ تجویز کیا گیا تھا کہ جیٹ ندی کے ذریعے ہمالیہ کے علاقے کی طرف لے جایا جاسکتا ہے۔

## تاریخی بادامی واری میں شگوفے پھوٹ پڑنے سے ایک نیا ہی سماں



کشمیر میں موسم بہار کی آمد کا اشارہ دیتے ہوئے تاریخی بادامی واری میں بادام کے درختوں پر شگوفے پھوٹ پڑنے سے ایک نیا ہی سماں دیکھنے کو مل رہا ہے۔اسی دوران محکمہ فلوریکلچر کا کہنا ہے کہ محکمہ نے مہمانوں کے استقبال کیلئے وسیع پیمانے پر تیاریاں کی ہیں۔سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق تاریخی بادامی واری میں بادام کے درختوں پر شگوفے پھوٹ پڑنے سے ایک نیا ہی سماں دیکھنے کو مل رہا ہے۔اسی دوران ڈائریکٹر فلوریکلچر متوار معصوم نے بتایا کہ محکمہ نے مہمانوں کے استقبال کے لیے وسیع پیمانے پر تیاریاں کی ہیں کیونکہ باغ میں موسمی کھلنا شروع ہوتا ہے۔انہوں نے کہا کہ جب بھی کشمیر میں بہار شروع ہوتی ہے تو سب سے پہلے جو چیز ذہن میں آتی ہے وہ بادام واری ہے۔یہاں بادام کا پھول پہلا اشارہ بنتا ہے کہ بہار آچکی ہے۔

معصوم نے کہا کہ محکمہ نے پودے لگانے کا کام کیا ہے، راستے تیار کیے ہیں اور باغ میں آرائشی پلانٹر لگائے ہیں تاکہ مہمانوں کے تجربے کو بہتر بنایا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ موسم بہار کے موسم میں باغ میں رنگ بھرنے کے لیے مختلف قسم کے موسمی پھول بھی لگائے گئے ہیں۔سیاح کھلتے بادام کے درختوں کے ساتھ ڈیفوڈلز، پینسیز اور ٹیولپس جیسے پھول دیکھ سکتے ہیں۔ڈائریکٹر نے کہا کہ محکمہ موسم بہار کے سالانہ میلے کی میزبانی کرنے کی تیاری کررہا ہے، جسے بادام واری فیسٹیول کے نام سے جانا جاتا ہے، جس کا افتتاح آنے والے دنوں میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کرنے کا امکان ہے۔محکمہ کے ایک اہلکار نے اس حوالہ سے بتایا کہ باغ میں بادام کے تقریباً 300 نئے درخت لگائے گئے ہیں تاکہ ان خلا کو پر کیا جاسکے جہاں درخت غائب تھے۔انہوں نے مزید کہا کہ پارک کے اندر موجود فوارے اور پانی کی خصوصیات کو بھی بحال کر دیا گیا ہے تاکہ اس کی خوبصورتی کو مزید بہتر بنایا جاسکے۔معصوم نے کہا کہ فلوری کلچر محکمہ نے جموں و کشمیر ہینڈی کرافٹس محکمہ کے ساتھ بھی سٹال لگانے کے لیے تعاون کیا ہے جہاں کاریگر میلے کے دوران روایتی دستکاری کی مصنوعات کی نمائش کریں گے۔انہوں نے کہا کہ رجسٹرڈ پودوں کے کاشتکاروں کو پودے، پودے لگانے والے اور گملے والے پودے فروخت کرنے کے لیے سٹال بھی فراہم کیے جائیں گے تاکہ آنے والے موسم بہار کے پھولوں سے لطف اندوز ہونے کے ساتھ ساتھ گھر کے پودے بھی لے سکیں۔ (ایس این این)

# خبر ونظر

## جموں کشمیر میں پنچایت بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں

کے این ایس/تقریباً دو سال کی تاخیر کے بعد جموں وکشمیر میں پنچایت اور بلدیاتی انتخابات منعقد کرانے کی تیاریاں شروع ہوگئی ہے۔جموں و کشمیر کے اسٹیٹ الیکشن کمشنر (SEC) نے افسران کو پنچایت انتخابات کے لیے ووٹر فہرست کی نظر ثانی کرنے اور نئے ووٹروں کو شامل کیے جانے کی ہدایت دی ہے۔جموں وکشمیر کے نئے اسٹیٹ الیکشن کمشنر شانت منو نے پیر کو دیہی ترقی اور پنچایتی راج محکمہ کے سینئر افسران اور 20 اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کے ساتھ میٹنگ کی، شانت منو کو 28 فروری کو پانچ سال کے لیے الیکشن کمشنر مقرر کیا گیا ہے۔

افسران کے مطابق اجلاس میں 2026 کی پنچایت ووٹر فہرست کی نظر ثانی کا جائزہ لیا گیا اور شہروں کے بلدیاتی اداروں میں وارڈز کی حد بندی کی پیش رفت پر بھی بات چیت ہوئی۔ووٹر فہرست کی نظر ثانی اور دیگر پسماندہ طبقات (او بی سی) کے لیے آبادی کے حساب سے وارڈز میں ریزرویشن نافذ کرنے کے بعد پنچایت اور بلدیاتی انتخابات کے عمل کو آگے بڑھایا جائے گا۔سرکاری ذرائع کے مطابق ووٹر فہرست میں ترمیم کا عمل یکم اپریل سے شروع ہونے کا امکان ہے جو ایک مہینہ تک جاری رہ سکتا ہے۔

اس دوران ان نوجوانوں کو بھی ووٹر لسٹ میں شامل کیا جائے گا جو یکم اپریل 2026 کو 18 سال کی عمر مکمل کریں گے۔جموں و کشمیر میں اس وقت منتخب پنچایت اور بلدیاتی ادارے موجود نہیں ہیں کیونکہ پنچایتوں کی مدت 9 جنوری 2024 کو ختم ہوگئی تھی جبکہ میونسپل اداروں کی مدت نومبر اور دسمبر 2023 میں ختم ہوئی تھی۔ضلع ترقیاتی کونسلز (ڈی ڈی سی) کی پانچ سالہ مدت بھی اس سال 24 فروری کو مکمل ہوگئی۔پنچایتی راج محکمہ کے مطابق جموں وکشمیر میں 4291 پنچایتیں اور 33597 پنچ وارڈ ہیں۔

شہروں اور قصبوں میں سرینگر اور جموں کی دو میونسپل کارپوریشنز کے علاوہ 79 میونسپل کونسلیں اور کمیٹیاں ہیں۔دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے ای ٹی وی بھارت کو بتایا کہ انتخابات اسی وقت ہوں گے جب الیکشن کمیشن ووٹر فہرست کی نظر ثانی کا عمل مکمل کرے گا اور پسماندہ طبقات کمیشن کی سفارشات پر کارروائی پوری ہو جائے گی۔یہ کمیشن جسٹس (ریٹائرڈ) جنک راج کوتوال کی سربراہی میں قائم کیا گیا تھا۔اس کے دیگر ارکان میں ریٹائرڈ آئی اے ایس افسر آر کے بھگت اور ڈاکٹر مہندر سنگھ بھڈوال شامل تھے۔کمیشن نے اپنی حتمی رپورٹ گزشتہ سال 27 فروری کو مرکز کے چیف سیکریٹری کو پیش کی تھی۔کمیشن نے سفارش کی ہے کہ پنچایت اور بلدیاتی وارڈز میں او بی سی طبقے کو ان کی آبادی کے تناسب سے ریزرویشن دی جائے۔

## منشیات اور گاڑی چوری کے خلاف ”آپریشن اوتار“

ایس این این/منشیات کی اسمگلنگ اور گاڑیوں کی چوری کے خلاف ایک بڑے کریک ڈاؤن میں جموں جنوبی علاقے میں پولیس نے دو خصوصی کارروائیوں کے تحت گزشتہ 67 دنوں کے دوران 692 گرام ہیروئن ضبط کی ہے جس کی بین الاقوامی مارکیٹ میں قیمت تقریباً 2.5 کروڑ روپے ہے۔سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق پولیس اسٹیشن گاندھی نگر جموں میں میڈیا کے نمائندوں سے خطاب کرتے ہوئے ایس پی جموں جنوبی اجے شرما نے کہا کہ منشیات کے خلاف جاری آپریشن سنجیوانی کے تحت 33 ملزمان کے خلاف این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت 23 ایف آئی آر درج کی گئیں۔

انہوں نے کہا کہ ان کارروائیوں کے دوران، پولیس نے بالائی گڈی گڑھ کے ایک رشپال سنگھ عرف انڈا سے تقریباً 262 گرام ہیروئن کی تجارتی مقدار کی برآمدگی کے علاوہ الگ الگ مقدمات میں دیگر برآمدات بھی کیں۔انہوں نے کہا ”آپریشن اوتار“ کے تحت ایک متوازی کارروائی میں پولیس نے گاڑیوں کی چوری کو روکنے کے لیے کوششیں تیز کردی ہیں۔ایس پی جموں ساؤتھ نے چوری کے ایک واقعے میں ہونے والی حالیہ بازیابیوں کے بارے میں تفصیلات بتاتے ہوئے کہا ”پولیس اسٹیشن گنگیال نے حال ہی میں کنوانی چوک کے علاقے سے ایک اسکارپیو گاڑی کے چوری ہونے کے بعد ایف آئی آر نمبر 13/2026 درج کی ہے۔

انہوں نے کہا کہ اس کیس کی تحقیقات کے دوران ایس ایچ او گنگال انسپکٹر سنجیو چب کی قیادت میں ایک ٹیم نے گاڑی کا اتر پردیش سے پتہ لگایا اور جموں کے دینا نگر کے ایک رمیش سنگھ کو گرفتار کیا۔پوچھ گچھ کے دوران، پولیس افسر نے کہا، ملزم نے ایک اور فرد، پون کمار کے بھیوانی، ہریانہ کے ملوث ہونے کا انکشاف کیا، جو گاڑی چوری میں ملوث ایک بین ریاستی گروہ کو بے نقاب کرنے کے لیے سرکردہ تفتیش کار ہے۔انہوں نے کہا کہ گینگ گاڑیوں کے الرٹ سسٹم کو غیر فعال کرنے اور 20 سیکنڈ کے اندر گاڑیاں چوری کرنے کے لیے جدید الیکٹرانک ٹولز کا استعمال کرتا تھا، جس کے بعد ملک بھر میں کام کرنے والے وسیع نیٹ ورک کے ذریعے انہیں فروخت کرنے سے پہلے چیسس نمبروں کو تبدیل کردیا جاتا تھا۔

مبینہ طور پر چوری شدہ گاڑیاں 4-5 لاکھ روپے میں فروخت کی گئیں۔انہوں نے کہا کہ پولیس نے اس گینگ سے منسلک چار گاڑیاں برآمد کی ہیں، جس سے جموں جنوبی علاقے میں اس سال اب تک برآمد ہونے والی چوری شدہ گاڑیوں کی کل تعداد 23 ہوگئی ہے۔افسر نے ڈگیانہ علاقے میں 2016 میں ایک 12 سالہ لڑکی کے قتل کے معاملے کو حل کرنے کے لیے پولس پوسٹ ڈجیانہ اور پولیس اسٹیشن گاندھی نگر کی ٹیموں کی بھی ستائش کی۔

چھتر پور، مدھیہ پردیش کے رہنے والے ملزم رمیش کمار، جو کہ متوفی لڑکی کا باپ بھی ہے، کو حال ہی میں دہلی پولیس نے جنوبی دہلی میں بھاٹی مائنز کے قریب سے گرفتار کیا تھا اور بعد میں جموں و کشمیر پولیس کے حوالے کیا تھا۔

Mail: chief-sgr.kmr@jk.gov Phone: 0194-2311398

Union Territory of Jammu & Kashmir

DEPARTMENT OF AGRICULTURE & FARMERS WELFARE

# OFFICE OF THE CHIEF AGRICULTURE OFFICER SRINAGAR

**Subject: Provisional Selection list and waiting list of candidates for engagement as Krishi Udyamis (KU'S's) (Agriculture Entrepreneurs) for 02 KKGs of District Srinagar under HADP Phase I & II.**

## Public Notice

Whereas, in terms of order No E-7358056/Plan-2/2/2023 dated 07-02-2024 of Mission Director HADP J&K UT and the Orders issued by Worthy District Development Commissioner Srinagar vide no. 30-DDCS of 2024 Dated: 29/02/2024 and DDCS/Dev/Committee/7076-83 Dated: 11/11/2024 regarding establishment of Kisan Khidmat Ghar (KKGs) an advertisement notice for engagement of (02) "Krishi Udyamis" (KU's) at Panzinara and Faqir Gujree of District Srinagar of Phase I & II of HADP was issued by undersigned vide advertisement Notice No. CAOS/P&S/2025-26/1502-15 Dated: 06/01/2026 and CAOS/P&S/2025-26/1484-97 Dated: 03/01/2026.

Whereas, as per laid down criteria of weightage, on pro-rata basis and framing of lists, on the basis of the academic qualification/credentials submitted by the candidate, the provisional merit list was approved by the District Level Selection Committee under the Chairmanship of Additional District Development Commissioner Srinagar and subsequently published in local dailies besides uploaded on official website of District Development Commissioner Srinagar for inviting of objections (if any) from the applicants within a period of 07 days from the date of publication.

Whereas no objection was received by this office in this regard up-tocut off date.

Now therefore, the provisional selection list along with the waiting list of candidates for engagement of Krishi Udyamis under HADP (Phase I & II) in district Srinagar for 02 KKGs (enclosed as Annexure "A" & B" respectively), is hereby notified, however,

Issuance of engagement letter in favour of the selected KU's and their subsequent joining shall, be subject to the fulfilment of the following terms and conditions:

Whereas, selected candidate for KKG Faqir Gujree HADP Phase - II must ensure available space of 750-800 Square feet in the respective panchayat(s) sufficient for housing KKG as a condition for selection for which the candidate will not claim any rent from the government. If the selected candidate fails to report within the stipulated time along with Site plan properly authenticated with geo-Tagged Photograph, his/her candidature shall deem to have been cancelled abinitio and the waiting list shall be operated accordingly, without any further notice.

Whereas KKG Panzinara HADP Phase -1 the KKG is already housed at the building of Zonal Agriculture Office Mujgund, moreover;

☐ The Selected Krishi Udyamis are not entitled to claim any regular appointment or remuneration. However, their continuation as KU's for a minimum period of two years or extension beyond two years shall be decided on the basis of the assessment of their performance from time to time.

☐ The selected KU's are advised to report immediately to Chief Agriculture Officer Srinagar along-with their original certificates/credentials.

☐ The selected Krishi Udyamis shall enter into an agreement with the Agriculture Production Department and shall have to deposit a' refundable security amounting of Rs. 10,000 (Rupees ten thousand only) in the form of Fixed Deposit Receipt from any scheduled commercial bank and will not claim up to 02 years even if they discontinue as KU.

☐ The selected Krishi Udyamis will function as custodians of the infrastructure and facilities, being responsible for their maintenance. Assets provided by the department for KKG shall remain the exclusive property of the Department.

☐ Since, the selection of the candidates has been made on the qualification/certificates/documents submitted by them, hence if at any stage, it comes to the light that candidate(s) has submitted false information or has submitted fake documents/certificates, the selection shall be liable for cancellation at any stage.

☐ The selected candidates shall abide by all other terms and conditions/regulations as approved by the government in this regard.

**Annexure "A"**

**Provisional selection list of candidate for engagement as Krishi Udyami against Kisan Khidmat Ghar Panzinara under HADP phase-1.**

| S.No | Name of the Candidate | Parentage | Residence |
|---|---|---|---|
| 01 | Junead Ahmad Khan | Shabir Ahmad Khan | Ranbirgarh Partabgarh Sheltend |

**Annexure "B'**

**Provisional selection list along with waiting list of candidates for engagement as Krishi Udyami's against Kisan Khidmat Ghar Faquir Gujree under HADP phase-II.**

| S.No | Name of the Candidate | Parentage | Residence |
|---|---|---|---|
| | | **Selected** | |
| 01 | Munazah Manzoor | Manzoor Ahmad Bhat | Haripora Harwan |
| | | **Waiting** | |
| 02 | Abas Ali | Ali Mohammad Ganie | Gundtal Murinderbagh Harwan |

**(Aijaz Hussain Dar),**
**Chief Agriculture Officer, Srinagar**

**DIPK:-11697/25 DIP Dated: 09/03/2026**

GOVERNMENT OF JAMMU AND KASHMIR

# TOWN CENSUS OFFICER AISHMUQAM

**Subject: Publicity of Notification S.O. 24 dt. 31st January 2026 regarding Census 2026-27**

## PUBLIC NOTICE

In pursuance of SRO 24 dated 31st January 2026, and in accordance with the provisions of the Census Act, 1948, it is hereby notified for the information of the general public that the Census of India, 2027 shall be conducted throughout the country, including the jurisdiction of Municipal Committee Aishmuqam.

The Census is the single largest administrative exercise undertaken by the Government of India to collect authentic data on population, households, and socio-economic indicators. The information so collected forms the basis for policy formulation, developmental planning, resource allocation, and welfare schemes at national, state, and local levels.

As per the above notification, the Census operations shall be carried out in the following phases:

Phase-I : Digital Enumeration

**17th May 2026 to 31st May 2026**

Phase-II : House Listing Operations

**1st June 2026 to 30th June 2026**

Key Points for Public Awareness:-

☐ Trained Census Enumerators duly appointed and authorized by the Government will visit every household. Citizens are requested to extend full cooperation and provide accurate information.

☐ Furnishing of correct details is a statutory duty under the Census Act. Any refusal to cooperate, concealment of facts,or misrepresentation shall invite penal consequences as prescribed under law.

☐ The information collected shall remain strictly confidential and will not be used for any purpose other than statistical analysis.

☐ Citizens are advised to keep basic household information ready, such as number of family members, age, gender, literacy status, occupation, and housing particulars, to facilitate smooth conduct of census operations.

☐ The Census is not merely a statistical exercise but a national responsibility. Every individual's participation ensures that developmental benefits reach all sections of society equitably.

☐ The general Public is requested to please verify the identity of census officials before sharing personal details

**Appeal to the Public:**

The Municipal Committee Aishmuqam earnestly appeals to all residents to treat this exercise with seriousness and civic responsibility. The Census is the foundation upon which government policies, welfare programmes, infrastructure development, and municipal services are planned. Your cooperation will directly contribute to the progress of our town and the nation at large.

**Town Census Officer**
**Municipal Committee Aishmuqam**

**DIPK-NB-3533/25 DIP Dated: 09/03/2026**

# J&K SAINIK SCHOOL MANASBAL

(www.jksainikschool.in)

**Advertisement Notification No. 1of 2026**

**Dated: .03.2026**

**Sub: Requirement of Teaching/non-teaching staff**

i) Online applications on prescribed application format available on School website (www.jksainikschool.in) are invited from the eligible candidates for the following vacancies.

| S. No | Position | Essential Qualification | Pay Level | No. of Posts |
|---|---|---|---|---|
| 01 | TGT Physics | Essential Qualification: Graduate with Physics, Chemistry, Biology as a subject (either honours or subsidiary level) with at least 50% marks in concerned subjects/combinations of subjects and also in aggregate OR B.Sc with subjects concerned from Regional College of Education of NCERT or NCTE recognized University with at least 50% marks in concerned subjects/combinations of subjects and also in aggregate. AND (b) B.Ed or equivalent degree from recognized institution/University with at least 50% marks. (c) Pass in the Central Teacher Eligibility Test (CTET) conducted by Central Govt CBSE or State Teacher Eligibility Test conducted by State Government. (d) Proficiency in teaching in English Language. Desirable: (i) Candidates possessing PG degree or any other higher qualification. (ii) Candidates with experience of teaching in residential public school and proficiency in games as well as in co-curricular activities. (iii) Candidates with knowledge of Computer Applications. (iv) Experience as TGT in the recognized schools/institutions in concerned subject. Age: Between 21 & 35 years as on 01.01.2026 | Level-7 (44900-142400) | 01 |
| 02 | TGT Mathematics | Essential Qualification: (a) Four years Integrated Degree Course from Regional College of Education of NCERT or NCTE recognized university with at least 50% marks in the concerned subject as well as in the aggregate including B.Ed. component. OR Bachelor's Degree with at least 50% marks in the concerned subject/ combination of subject and in aggregate. Candidate have studied Mathematics in all three years of Graduation with any two subjects out of Physics, Chemistry, Electronics, Computer Science, Statistics OR In case of an Honours Degree in Maths, the candidate should have studied Maths in all three years of Craduation with at least 50% marks in aggregate and any two subjects indicated in para (a) above with at least 50% marks in each subject at Graduation level and also at least 50% marks in Graduation. Note. BA (Hon) in any subject other than Maths are not eligible for the TGT (Maths). AND (b) B. Ed or equivalent degree from recognized institution/university with at least 50% marks. (B.Ed degree not applicable for Integrated Degree Course including B.Ed. component) (c) Pass in the Central Teacher Eligibility Test (CTET) conducted by Central Govt CBSE or State Teacher Eligibility Test conducted by State Government in accordance with the guidelines framed by the NCTE for the purpose. (d) Proficiency in teaching in English medium Desirable Qualifications. (a) Having PG Degree or any other higher qualification. (b) Experience of teaching in residential Public Schools and proficiency in games as well as in co-curricular activities. (c) Knowledge of Computer applications. Age: Between 21 & 35 years as on 01.01.2026. | Level-7 (44900-142400) | 01 |
| 03 | TGT Urdu | 1. Educational Qualification (Academic) A. Bachelor's Degree (Subject Focus): Must have one of the following from a recognized university: B.A. (Honours) in Urdu. OR B.A. with Urdu as one of the elective subjects (if elective coursework in Urdu is substantial) Plus one additional language or one additional school subject at degree level. OR Equivalent Oriental Degree in Urdu with the required minimum marks. Typical minimum aggregate marks: 45% in aggregate in the B.A. / relevant degree. This 45% requirement is often relaxable Candidates with an M.A. in Urdu SC/ST candidates, Persons with disabilities (PwD) 2. Professional Teacher Education Bachelor of Education (B.Ed.) 3. Central Teacher Eligibility Test (C???) Desirable for: (a) Having PG Degree or any other higher qualification. (b) Experience of teaching in residential Public Schools and proficiency in games as well as in co-curricular activities. Age: Between 21 & 35 years as on 01.01.2026. | Level-7 (44900-142400) | 01 |
| 04 | Librarian | i) Graduate with Degree/ Diploma in Library Science from a recognized institution. (ii) Ability to converse fluently English. ge: Between 18 & 50 years as on 01.01.2026. | Level-4 (25500-81100) | 01 |
| 05 | Accountant | (i) B.Com. (ii) Should have worked as an Accountant for at least 10 years in a Government or private organization and must be fully conversant with maintenance of accounts in double entry system. (iii) Ability to correspond into English. Age: Between 18 & 50 years as on 01.01.2026. | Level-6 (35400-112400) | 01 |
| 06 | Accounts Assistant | Graduate or above from any recognized university with a minimum of 50% marks for open merit & 45% marks for reserved categories in:- i)Commerce ii)Business administration iii) Science iv) Computer application/IT v) Any other discipline with Mathematics, Statistics or Economics as one of the subjects. Age: Between 18 & 50 years as on 01.01.2026. | Level-5 (29200-92300) | 02 |
| 07 | Sr Assistant | Essential. i) For Departmental candidates- Junior Assistant with 5 years experience in the school. (ii) For direct recruitment: Graduate with at least 2 years office experience in a Government or commercial organization. Knowledge of shorthand and typewriting will be considered as additional qualification. Age: Between 18 & 50 years as on 01.01.2026. | Level-5 (29200-92300) | 01 |
| 08 | Jr Assistant | Essential. (i) Matriculation. (ii) Typing speed of at least 40 words per minute. (iii) Knowledge of shorthand and typing will be considered an additional qualification. Age: Between 18 & 50 years as on 01.01.2026. | Level-4 (25500-81100) | 01 |
| 09 | Matron / Hostel Superintendent | Essential. (i) Should have passed Matriculation or equivalent examination and should be able to converse fluently in English. Desirable. (i) BA/B.SC/ B.Com degree. (ii) Attainments in sports/Art/Music. (iii) For Junior/Holding houses, ladies without encumbrances and with experience of handling children will be preferred. Age: Between 18 & 50 years as on 01.01.2026. | Level-5 (29200-92300) | 02 |
| 10 | Quartermaster | Essential. (i)B.A/B.Com. (ii) At least five years' experience as UDC stores or as Quartermaster. (OR) An Ex-servicemen with at least 10 years experience in handling and Accounting of stores. Desirable. Should have undergone a Quartermaster's course. Age: Between 18 & 50 years as on 01.01.2026. | Level-4 (25500-81100) | 01 |
| 11 | Mess Manager | Essential. (i) Matriculation or equivalent. (ii) At least five years experience of running a catering organization independently in the civil, in the Defense services or in any other similar organization. (iii) Ability to maintain mess account. DESIRABLE. (i) Diploma/Certificate in catering from a recognized institution. (ii) JCO or equivalent from catering trade or with more than five years catering experience. Age: Between 18 & 50 years as on 01.01.2026. | Level-4 (25500-81100) | 01 |
| 12 | Catering Assistant | Essential. (i) Matriculation. (ii) Qualification or experience of catering. Desirable. (i) Ability to maintain Mess accounts. (ii) Experience of handling ration stores. Age: Between 18 & 50 years as on 01.01.2026. | Level-4 (25500-81100) | 01 |

For further details & terms & conditions visit the School website (www.jksainikschool.in)

**Principal, J&K Sainik School, Manasbal**

**DIPK: -NB-3547/25 DIP Dated: 09/03/2026**

Government of Jammu & Kashmir.

# OFFICE OF THE CHILD DEVELOPMENT PROJECT OFFICER, POSHAN PROJECT LANGATE

**Advertisement Notice: No.02 of 2026**

**Dated:- 09.03.2026**

**Subject: Re-Advertisement(2nd time) for Recruitment of Sahayikas (Anganwadi Helper) in Anganwadi Centres of POSHAN Project Langate.**

Reference: 1. Government Order No 222-JK (SWD) of 2022 Dated: 30.11.2022.
2. Government Order No.103-JK (SWD) of 2023 dated: 28.04.2023.
3. Government communication No. SWD-ICDS/43/2022, Dated 14.08.2023.

Approval has been accorded, vide letter MD/Poshan/Estt/47213-23, dated 24.12.2025 for filling up of vacancy of Sahayikas (Anganwadi Helper) in Anganwadi Centres of POSHAN Project Langate as per the details given below:

| Sr. No. | Name of Project | Name of Post | No. of Post |
|---|---|---|---|
| 1 | LANGATE | Sahayikas (Anganwadi Helper) | 01 |
| | | Total | 01 |

Applications are invited in the Prescribed Performa in Annexure "A" from the eligible candidates for engagement Anganwadi Helper on Honorarium basis for aforementioned posts of Anganwadi Centre. The important dates/details with regard to the posts are as under:

a) Date of commencement for submission of application 09.03.2026.
b) Last date for submission of applications is 18.03.2026 up-to 04.00 PM.
c) Annexure B- Name of the Post, Location/Ward , Qualification and Criteria for selection
d) Annexure C- Affidavit

**ANNEXURE 'A'**

Format of Application

1. Name of POSHAN Project________
2. Name of Anganwadi Centre________
3. Post applied for________
4. Name of the Candidate________
5. Father's Name ________
6. Husband's Name (If married)________
7. Residence________
8. Ward .No.________ Panchayat Halqa________
9. Address for correspondence________
10. Contact No.________
11. Date of Birth________
12. Age as on 01.01.2025________
13. Economic Status: NPHH/PHH/AAY.................
14. Widow/Destitute (If any): .................
15. Academic Qualification:

Passport Size Photograph signed by Gazetted Officer

| S.No. | Examination passed | Board/University | Year of Passing | Marks Obtained | Total Marks | Percentage |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |

16. Do the applicant belong within the family of retiring AWW/AWH (YES/NO) .................
17. Document Attached:

1. .................2.................

3.................4................. 5.................

Signature of the candidate________
Date:________

**ANNEXURE 'B'**

**Detail of Vacant Posts (AWH) along with name and location of AWC.**

| Sr. No. | NAME OF ANGANWADI CENTRE | WARD NO. | Panchayat Halqa/ MC-Ward | NAME OF POST | NO. OF POSTS |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | Bandi | 05 | Bandi | Sahayika (Anganwadi Helper) | 01 |

Eligibility:

Anganwadi Helpers

1. The selection of Helper shall be restricted to the electoral ward where Anganwadi Centre is located.
2. Women candidates in the age group of 18-37 years shall be eligible.
3. The candidate must be domicile of the UT of J&K.
4. Minimum qualification for Anganwadi Helper shall be matriculation.
5. In case no matriculate candidate available in the ward, candidates with qualification not less than 8th standard shall be considered.
6. The committee shall select the (Anganwadi Helper) amongst eligible applicants, married women on the basis of marks obtained in the class 10th. However, in rarest of rare cases where selection committee finds a widow headed household with no income source or a completely destitute lady with zero source of income, in such cases preference may be given, if other things are equal. In case no married candidate is available, unmarried candidate may be considered.

**Document Verification**

1) The candidate who is shortlisted for document verification will be required to appear for Document Verification along-with the original documents as well as self-attested Photostat copy of each document as per the Advertisement Notification. The candidate must be in possession of the prescribed academic qualification and other document like Domicile Certificate, on or before the last date of submission of application form.

a) Marks sheet(s)/Diploma/Degree of the qualification prescribed for the post as per Advertisement Notification.
b) Date of Birth/Matriculate Certificate.
c) Domicile Certificate.
d) Un-married Certificate (where required).

2) Candidates have to bring two passport size recent colour photographs and one original Photo ID proof. Photo ID Proof can be:
i) Aadhar Card
ii) Voter ID card.

3) The candidate, who is supposed to furnish various certificates issued by or before the prescribed cut-off date, shall be required to produce them at the time of Document Verification or as may be sought by the Committee; in case of failure, the committee shall take necessary decision which shall be final.

**ANNEXURE C**

All applicants to submit affidavit stating following facts:

1. All Documents submitted are correct, without any mismatch, scanning, duplicate or fallacious in nature. If found incorrect or in any of the above stated situation the candidature of deponent may be cancelled and liable to action under law.
2. Maximum qualification is Graduation for vacancy of Anganwadi worker and Class X for Anganwadi helper and this is as per facts and onus of proving it to be true lies with the deponent.
3. The deponent has read the HR policy no. 222-JK (SWD) of 2022 dated: 30.11.2022 and is well versed with all salient features of the policy and shall be applicable to the deponent in case of selection as Anganwadi Helper.
4. If, I have been selected as AWH, I will not claim that the said AWC may be shifted into my house/accommodation

**Child Development Project Officer**
**POSHAN Project Langate**

DIPK:-11719/25 DIP Dated: 09/03/2026

# JAMMU AND KASHMIR PUBLIC SERVICE COMMISSION

RESHAM GHAR COLONY, BAKSHI NAGAR, JAMMU - 180016

Website: http: jkpsc.mc.m

**Subject: Written Examinations for the posts of Medical Officer (Ayurvedic), 2025 - Provisional Answer Key thereof.**

**Notification No. PSC/Exam/S/2026/25**

**Dated: 08.03.2026**

In pursuance of Rule 10 (c) of the Jammu & Kashmir Public Service Commission (Conduct of Examination) Rules, 2022, as amended upto date, the Provisional Answer Key of Question Paper pertaining to the Written Examination for the posts of Medical Officer (Ayurvedic), 2025 held on 08.03.2026, is hereby notified for seeking the objections from candidates.

**Provisional Answer Key Medical Officer (Ayurvedic)**

**Test Booklet Question No. (Series A)**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| Q1 | B | Q33 | A | Q68 | C |
| Q2 | D | Q34 | D | Q69 | B |
| Q3 | A | Q35 | C | Q70 | C |
| Q4 | C | Q36 | B | Q71 | B |
| Q5 | B | Q37 | B | Q72 | A |
| Q6 | D | Q38 | D | Q73 | A |
| Q7 | D | Q39 | B | Q74 | C |
| Q8 | A | Q40 | A | Q75 | A |
| Q9 | A | Q41 | C | Q76 | B |
| Q10 | C | Q42 | A | Q77 | B |
| Q11 | B | Q43 | A | Q78 | D |
| Q12 | B | Q44 | C | Q79 | A |
| Q13 | D | Q45 | A | Q80 | B |
| Q14 | D | Q46 | B | Q81 | A |
| Q15 | D | Q47 | B | Q82 | A |
| Q16 | C | Q48 | C | Q83 | C |
| Q17 | A | Q49 | B | Q84 | D |
| Q18 | B | Q50 | C | Q85 | C |
| Q19 | B | Q51 | B | Q86 | A |
| Q20 | C | Q52 | C | Q87 | B |
| Q21 | C | Q53 | C | Q88 | D |
| Q22 | C | Q54 | B | Q89 | A |
| Q23 | A | Q55 | B | Q90 | B |
| Q24 | B | Q56 | B | Q91 | A |
| Q25 | B | Q57 | B | Q92 | C |
| Q26 | C | Q58 | D | Q93 | C |
| Q27 | D | Q59 | C | Q94 | A |
| Q28 | D | Q60 | C | Q95 | D |
| Q29 | C | Q61 | D | Q96 | C |
| Q30 | B | Q62 | B | Q97 | D |
| Q31 | B | Q63 | D | Q98 | C |
| Q32 | A | Q64 | B | Q99 | B |
| | | Q65 | B | Q100 | C |
| | | Q66 | D | | |
| | | Q67 | A | | |

The candidates are advised to refer to Question Booklet (Series A) to match the corresponding question(s) in their respective Question Booklet Series and if any candidate feels that the key to any of the question(s) is/are wrong, he/she may represent on prescribed format/proforma annexed as Annexure-A along with the documentary proof/evidence (hard copies only) and fee of Rs.500/- per question in the form of Demand Draft drawn in favour of COE, J&K PSC (refundable in case of genuine/correct representation) to the Controller of Examinations, Jammu & Kashmir Public Service Commission, from Monday i.e. 09.03.2026 to 11.03.2026. The candidates are further advised to clearly mention the question(s) objected to with reference to its serial number as it appears in the Question Booklet of Series A of the provisional answer key.

Any objection/application not accompanied by the requisite Demand Draft of Rs.500/- as prescribed, shall not be considered/entertained under any circumstances. Candidates are, in their own interest, advised to adhere to these instructions and not submit any objection unaccompanied by the Demand Draft as required under extant rules. The Commission shall not entertain any such representation(s) after the expiry of the stipulated period i.e. after 11.03.2026 (Wednesday), 05.00 pm.

Further, objection(s) submitted in any other mode will not be entertained.

The provisional answer key is also available on the website of the Commission http://www.jkpsc.nic.in.

**Annexure-A**

Representation regarding objection(s) to any Question/Answer pertaining to the Written Test conducted for the post of Medical Officer (Ayurvedic) in the Health and Medical Education Department, held on 08.03.2026

**(NOTE: USE SEPARATE FORMS FOR SEPARATE QUESTIONS)**

Name of the Post: ________
Name of the Applicant: ________
Roll No.: ________
Correspondence Address: ________
Contact/Mobile No.: ________
Date of Application: ________03.2026
Demand Draft Details: No.______Date______Amount,
Candidates Account No.(16 digit) & IFSC Code:________

| Question No. in Series A | Details of the Objection | Resource Material (copy to be enclosed) | Details of the Website (if any) |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |
| | | | |

**Correct Answer/Ootion as per candidate :**

**Signature of the Candidate**

**Note: Application for each question/answer shall be made on separate page in the given format, otherwise the first question entered in the format shall only be considered.**

**(Sachin Jamwal)JKAS**
**Controller of Examinations, J&K Public Service Commission**

**DIPK-11696/25 DIP Dated: 09/03/2026**

